# الیکشن کمیشن آف پاکستان

## (شعبہ تعلقات عامہ)

## پریس ریلیز

مورخہ 17 ستمبر، 2018

بیرونی ممالک مقیم پاکستانیوں کے لئے انٹرنیٹ ووٹنگ کے پائلٹ پروجیکٹ کی رجسٹریشن کا عمل یکم ستمبر ۲۰۱۸ء سے شروع ہوا اور آج بروز پیر ۱۷ ستمبر ۲۰۱۸ء کو صبح نو بجے اختتام پذیر ہوا۔ رجسٹریشن کے عمل کے دوران منتخب کردہ ویب سائٹ ۲۴ گھنٹے فعال رہی اور کوئی تکنیکی مسائل پیش نہیں آئے اس عمل کو موثر بنانے کے لئے اہلیت کا معیار مقرر کیا گیا جو مندرجہ ذیل تین شرائط پر مشتمل ہے۔

۱۔ بیرونی ممالک مقیم پاکستانی NICOP رکھتے ہو {تاریخ تنسیخ اہمیت کے حامل نہیں}

۲۔ بیرونی ممالک مقیم پاکستانی MRP رکھتے ہو {تاریخ تنسیخ ااہمیت کے حامل نہیں}

۳۔ ضمنی انتخابات ۲۰۱۸ء کی انتخابی فہرست کا حصہ ہو جس میں 11 قومی اور 26 صوبائی اسمبلیوں کی نشستیں شامل ہیں۔

رجسٹریشن عمل کے طے شدہ معیار پر 631,909 بیرونی ممالک میں مقیم پاکستانی پورا اترتے تھے۔

یہ 631,909 بیرونی ممالک مقیم پاکستانی ہونے والے ۳۷ حلقوں کے ضمنی انتخابات کی انتخابی فہرستوں میں موجود تمام بیرونی مقیم پاکستانیوں کا 86% حصہ بنتے ہیں۔

یہ ممکنہ اہل ووٹرز جغرافیائی لحاظ سے ۱۷۷ ممالک میں موجود تھے۔

7419 بیرون ممالک مقیم پاکستانیوں نے اس رجسٹریشن کے عمل میں کامیابی سے حصہ لیا۔ طے شدہ پروگرام کے تحت الیکشن کمیشن ان رجسٹرڈ بیرون ممالک مقیم پاکستانی ووٹر کو 10 سے 14 اکتوبر ۲۰۱۸ء کے درمیان ان کے دیئے گئے ای میل ایڈریسز پر ووٹر پاس جاری کریگا جس کی مدد سے وہ ضمنی انتخابات کے دن اپنا حق رائے دہی کا استعمال کر سکیں گے۔

الیکشن کمیشن نے رجسٹریشن کے عمل کو کامیاب کرانے کے لئے میڈیا پر ایک بھرپور تشہیری مہم چلائی جس میں بیرون ممالک پاکستانی سفارت خانوں اور کونسلٹس کے ذریعے بھی آگاہی مہم چلائی گئی۔